© rasailojaraid.com



## ترجمة القرآن

### مظلوم کی مدد

قوله تعالیٰ: ومالكم لا تقاتلون فی سبيل الله والمستضعفين من الرجال والنساء والولدان الذين يقولون ربنا اخرجنا من هذه القرية الظالم اهلها واجعل لنا من لدنك وليا واجعل لنا من لدنك نصيراo (النساء:۷۵)

''کیا ہے تمہارے لیے (اے مسلمانو!) کہ تم اللہ کی راہ میں ان کمزور مردوں، عورتوں اور ننھے ننھے بچوں کے چھٹکارے کے لیے جہاد نہیں کرتے؟ جو یوں دعائیں مانگ رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ان ظالموں کی بستی سے ہمیں نجات دے اور ہمارے لیے خود اپنی طرف سے حمایتی مقرر کر دے اور ہمارے لیے خاص اپنے پاس سے مددگار بنا۔''

قارئین کرام! مذکورہ بالا آیت کریمہ میں ظالموں کی بستی سے (نزول کے اعتبار سے) مراد مکہ مکرمہ ہے۔ ہجرت رسول اور صحابہ کرام کے بعد وہاں باقی رہ جانے والے مسلمان خاص طور پر بوڑھے مرد اور عورتیں اور بچے کافروں کے ظلم وستم سے تنگ آ کر اللہ کی بارگاہ میں مدد کی دعا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تنبیہ فرمائی کہ تم ان مظلوموں کو ظالموں کے چنگل سے نجات دلانے کے لیے جہاد کیوں نہیں کرتے؟

اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے اہل علم نے کہا ہے کہ جس علاقے اور ملک میں مسلمان اس طرح ظلم وستم کا شکار ہوں کہ وہاں ان کی عزت وآبرو اور جان ومال کا تحفظ نہ ہو تو دوسرے مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ان کفار کے ظلم وستم سے بچانے کے لیے جہاد وقتال کریں۔

مسلمان کا دوسرے مسلمان بھائی پر یہ حق ہے کہ وہ مظلوم کی مدد کرے اور ظالم کے ظلم سے اسے نجات دلائے۔ بلکہ ظالم کی مدد بھی کرے اور وہ اس طرح کہ ظالم کو ظلم سے روکے۔

باقی (صفحہ:۵۱ پر)

## ترجمة الحدیث

### اجتماعیت کا درس

((عن ابی موسیٰ رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المؤمن للمومن كالبنيان يشُدُّ بعضه بعضا وشبك بين اصابعه)) (متفق علیہ بخاری، کتاب الادب۔حدیث:۶۰۲۶)

''حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک مومن دوسرے مومن کے حق میں عمارت کی مانند ہے۔ جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کرتا ہے اور آپ نے (مزید سمجھانے کے لیے) اپنے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر دکھائیں۔''

قارئین کرام! مذکورہ بالا حدیث میں تمام مسلمانوں کو اجتماعیت کا درس دیا گیا ہے۔ کہ ایک مسلمان اسلامی معاشرے کی ایک اینٹ ہے۔ جس طرح اینٹیں باہم مل کر ایک دوسرے کی تقویت کا باعث ہوتی ہیں اسی طرح مسلمان دکھ، درد، مصیبت اور آزمائش میں ایک دوسرے کے معاون اور دست و بازو ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کے خیرخواہ اور ہمدرد ہوتے ہیں۔

ایک دوسری حدیث میں رسول اکرم ﷺ نے مسلمانوں کو آپس میں ایک جسم کی مانند قرار دیا ہے۔ جیسا کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''مومنوں کی مثال آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ محبت کرنے میں اور ایک دوسرے کے ساتھ رحم کرنے میں اور ایک دوسرے کے ساتھ شفقت ونرمی کرنے میں جسم کی طرح ہے۔ جب اس کا کوئی ایک عضو درد کرتا ہے تو اس کا سارا جسم اس کی وجہ سے بیقراری اور بخار میں مبتلا رہتا ہے۔'' (بخاری، کتاب الادب۔حدیث:۶۰۱۱)

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ایک دوسرے سے محبت، خیرخواہی اور ہمدردی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلامی نظریات، سلفی عقائد اور سنہری اقدار کا پاسبان

# ماہنامہ ترجمان الحدیث

شمارہ 2 | صفر ۱۴۳۰ | فروری 2009 | جلد 42

بیاد میاں فضل حق رحمۃ اللہ علیہ

احسان الٰہی ظہیر

## مجلس ادارت

مولانا عبدالعزیز علوی ۔ حافظ عبدالرشید اظہر
حافظ مسعود عالم ۔ حافظ محمد شریف ۔ مولانا محمد یونس
مولانا محمد اکرم مدنی ۔ مولانا نجیب اللہ طارق
مولانا عبدالحنان زاہد ۔ مولانا محمد ادریس سلفی ۔ مولانا ندیم شہباز

زیر نگرانی
**پروفیسر علامہ ساجد میر**
امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان

زیر سرپرستی
**میاں نعیم الرحمن طاہر**
رئیس الجامعہ

رئیس التحریر
**محمد یسین ظفر**

مدیر
**فاروق الرحمن یزدانی**

## آئینہ مضامین

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | ترجمۃ القرآن | 2 |
| ۲۔ | ترجمۃ الحدیث | 2 |
| ۳۔ | اداریہ | 4 |
| ۴۔ | قادری صاحب کے دورہ صحیح مسلم پر ایک نظر | 6 |
| ۵۔ | ابوالنس مولانا محمد یحییٰ گوندلوی رحمہ اللہ | 28 |
| ۶۔ | آسمان تیری لحد پہ شبنم افشانی کرے | 36 |
| ۷۔ | دہشت گردی...... ایک تاریخی اور تجزیاتی مطالعہ | 39 |
| ۸۔ | جامعہ کے لیل ونہار | 45 |
| ۹۔ | سفر آخرت کے راہی | 46 |
| ۱۰۔ | دعائے صحت کی اپیل | 47 |
| ۱۱۔ | جہان تازہ | 49 |

Monthly MUHADDIS
99-J Model Town Lahore-54700
Phone 5866476-5866396

composing & designing
**MUHAMMAD QASIM HAROON**
SAHAN COMPUTERS PRINTERS 0321-6640315, 0300-6650883

### بیرون ملک نمائندے

سعودی عرب: مولانا محمد منیر قمر، ڈاکٹر عبدالقادر
متحدہ عرب امارات: حافظ محمد اسلم، ریاض احمد خان
کویت: مولانا عبدالخالق — برطانیہ: ... شریف ...

### زر تعاون

| | |
|---|---|
| فی پرچہ | 15 |
| سالانہ | 150 |
| بذریعہ وی پی | 190 |
| [illegible] | 100 |
| امریکہ | 50 |
| یورپ | 30 |

مضمون نگار سے ادارہ کا کلی اتفاق ضروری نہیں (ادارہ)

برائے رابطہ: دفتر ترجمان الحدیث جامعہ سلفیہ حاجی آباد فیصل آباد
Ph: 8780274-8780374
2629228 Fax: 8782375
E-mail: tarjuman@hotmail.com

ناشر پروفیسر ساجد میر نے قائم سائیں پریس فیصل آباد سے چھپوا کر جامعہ سلفیہ حاجی آباد فیصل آباد سے شائع کیا۔

© rasailojaraid.com